# ۵- فعل

زمانے کے اعتبار سے فعل کی تین قسمیں ہیں: (۱) زمانۂ ماضی (۲) زمانۂ حال (۳) زمانۂ مستقبل

فارسی میں زمانۂ ماضی کی چھ (۶) قسمیں ہیں:

(۱) ماضی مطلق (۲) ماضی قریب یا ماضی نقلی (۳) ماضی بعید

(۴) ماضی استمراری (۵) ماضی شکی یا احتمالی (۶) ماضی تمنائی یا شرطی

**فارسی جملہ**: فارسی جملے میں پہلے 'فاعل' اور آخر میں 'فعل' آتا ہے۔ باقی متعلقات درمیان میں آتے ہیں۔ جملوں میں فعل، فاعل کے مطابق ہوتا ہے۔ اگر فاعل واحد ہو تو فعل بھی واحد ہوگا۔ فاعل جمع ہو تو فعل بھی جمع ہوگا۔ گویا فعل کی گردان فاعل یا ضمیر کے مطابق ہوگی۔

مثلاً: فیروز از بازار آمد۔ پسران از بازار آمدند۔

## 5. Verb

There are three main tenses of verb: (1) Past tense (2) Present tense (3) Future tense.

In Persian, there are six sub-tenses of past tense:

(1) Past Indefinite (ماضی مطلق)
(2) Present Perfect (ماضی قریب یا ماضی نقلی)
(3) Past Perfect (ماضی بعید)
(4) Past Continuous (ماضی استمراری)
(5) Past Dubious Tense (ماضی شکی یا احتمالی)
(6) Past Conditional (ماضی تمنائی)

In Persian, the sentence begins with a subject and ends with the verb with all other insertions in between these two. If the subject is singular, the verb will also be singular. If the subject is plural, the verb will also be plural. Eg.: فیروز از بازار آمد۔ , پسران از بازار آمدند۔